© rasailojaraid.com



## ملفوظات وارشادات

تالیف : الحاج ابراہیم یوسف باوا صفحات ۱۴۴ قیمت درج نہیں۔

ناشر: E.Y.BAWA 15 STRATTON ROAD GLOUC ESTER GL1-4 HD ENGLAND

حضرت مولانا الحاج ابراہیم یوسف باوا درد دل رکھنے والے بزرگ، سنجیدہ اور متین اہل قلم، کئی کتابوں کے مصنف و مولف اور دین اسلام کے سچے اور مخلص داعی ہیں "ملفوظات وارشادات" بھی فاضل مولف نے درجنوں کتابیں پڑھ کر اور ان سے اہم اقوال وارشادات اخذ کرکے یہ کتاب مرتب فرمائی ہے جو شروع سے آخر تک دلچسپ بھی ہے اور معلومات افزا بھی ہے اور ایمان افروز بھی، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم حکیم الامت حضرت تھانوی، شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ اور حضرت مولانا محمد الیاس کاندھلویؒ کے ارشادات کا یہ حسین مرقع اور گلدستۂ ہدایت حرز جان بنانے کے لائق ہے یقیناً قارئین اس کی بھی اسی طرح قدر کریں گے جس طرح مولف موصوف کی دیگر کتابوں سے استفادہ کرتے آئے ہیں کاغذ، عمدہ تزئین اور طباعت شاندار، اے کاش! تمام دینی لٹریچر اس طرح کے عمدہ کاغذ پر طبع ہوتا۔

## سفارش، شریعت کی نظر میں

تالیف : مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم، صفحات ۳۰، قیمت ۱۸ روپے

ناشر : میمن اسلامک پبلشرز ۱۸۸/۱ لیاقت آباد۔ کراچی ۱۹

یہ ایک مختصر کتابچہ ہے، جس میں سفارش کرنے کے احکام بیان کیے گئے ہیں، چونکہ آج کوئی کام ناجائز سفارش کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔ اس لیے سفارش کا دروازہ چوپٹ کھلا ہے۔ اور اس میں اس بات کا بالکل لحاظ نہیں کیا جاتا کہ کونسی سفارش جائز ہے اور کونسی سفارش ناجائز ہے، اس مختصر کتابچے میں بیان کردیا گیا ہے کہ کونسی سفارش جائز ہے۔ اور کونسی جائز نہیں۔ اور سفارش کی حقیقت کیا ہے، کن کاموں کے لیے سفارش کرسکتے ہیں۔ سفارش کا مقصد کیا ہے۔ اور سفارش کے الفاظ کیا ہونے چاہیئے۔ بہرحال سفارش کے موضوع پر یہ ایک جامع رسالہ ہے۔ سفارش کرنے سے قبل اس کا مطالعہ ضرور کرلینا چاہیے۔

(بقیہ صـ ۲۶ سے)

معجزے اس تقاضے کا جواب تھے۔ عیسوی عہد کے عطار و حکیم علاج امراض کے ضمن میں اپنے حیرت انگیز کمالات کے دعویدار تھے اس لئے اس کا جواب دم عیسوی تھا جو اندھوں اور کوڑھیوں کا معجزانہ علاج کرتا تھا' احیائے موتی اور مٹی کے خود ساختہ پرندوں میں جان ڈالنا بھی معجزات عیسوی میں شامل تھا۔

© rasailojaraid.com